دعاقبول کیوں نہیں ہوتی؟

مجیب: مولانامحمدنورالمصطفیٰ عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-481

تاریخ اجراء: 20جمادی الاخری 1443ھ /24جنوری 2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

بہت دعائیں مانگتے ہیں لیکن پریشانیاں ختم نہیں ہوتیں، اس حوالے سے رہنمائی فرمادیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

دُعامانگنے میں اللہ تعالی اور اُس کے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی اِطاعت بھی ہے، دُعامانگنا سُنَّت بھی ہے، دُعا مانگنے سے عبادَت کا ثواب بھی ملتاہے نیز دُنیاو آخرت کے بے شمار فوائد حاصِل ہوتے ہیں۔ بعض اَوقات قبولیت دُعا کے اظہار میں تاخیر ہو جاتی ہے تو ذِہن میں یہ بات آتی ہے کہ دُعا آخر قبول کیوں نہیں ہوئی۔ تو اس موقع پر قبولیت دعا میں تاخیر کی وجہ سے گھبرانا نہیں چاہیے، بلکہ دعا اگر قبول نہ بھی ہو تو رائیگاں نہیں جاتی۔ جیسا کہ حدیث مبارک میں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دُعا بندے کی، تین باتوں سے خالی نہیں ہوتی: {۱} یا اُس کا گناہ بخشا جاتا ہے۔ یا {۲} دنیا میں اُسے فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ یا {۳} اُس کے لئے آخرت میں بھلائی جمع کی جاتی ہے کہ جب بندہ آخرت میں اپنی دُعاؤں کا ثواب دیکھے گا جو دُنیا میں مستجاب (یعنی مقبول) نہ ہوئی تھیں تمنا کرے گا: کاش! دُنیا میں میری کوئی دُعا قبول نہ ہوتی اور سب یہیں (یعنی آخرت) کے واسطے جمع رہتیں۔ (اَلْمُستَدرَک ج ۲ ص ۱۶۵ حدیث ۱۸۶۲، احسنُ الوعاء ص ۵۵)

نیز یہ بھی یاد رہے کہ دعا کے آداب میں سے یہ بھی ہے کہ بندہ دُعا کے قبول میں جلدی نہ کرے۔ حدیث شریف میں ہے کہ خدائے تعالیٰ تین آدمیوں کی دُعا قبول نہیں کرتا۔ ایک وہ کہ گناہ کی دُعا مانگے۔ دوسرا وہ کہ ایسی بات چاہے کہ قطع رِحم ہو۔ تیسرا وہ کہ قبول میں جلدی کرے کہ میں نے دُعا مانگی اب تک قبول نہیں ہوئی۔ (مسلم ص ۱۴۶۳ حدیث ۲۷۳۵)

اس حدیث میں فرمایا گیا ہے کہ ناجائز کام کی دُعا نہ مانگی جائے کہ وہ قبول نہیں ہوتی۔ نیز کسی رِشتے دار کا حق ضائع ہوتا ہو ایسی دُعا بھی نہ مانگیں اور دُعا کی قبولیت کیلئے جلدی بھی نہ کریں ورنہ دُعا قبول نہیں کی جائے گی۔

نوٹ: دعا کی قبولیت کے مواقع اور عدم قبولیت کے اسباب کی معلومات کے لیے علامہ مولانا مفتی نقی علی خان رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب "احسن الوعاء" المعروف "فضائل دعا" ضرور مطالعہ فرمائیں۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net